Urdu

Public Libraries

آپ کی پبلک لائبریری آپ کو خوش آمدید کہتی ہے!

نیو ساؤتھ ویلز کی پبلک لائبریریاں مفت ہیں۔

تشریف لائیں اور دریافت کریں:

- بہت سے موضوعات پر کتابیں – فنون، کھیل، موسیقی، سائنس اور دوسرے موضوعات
- تفریح کیلئے پڑھی جانے والی کتابیں جیسے ناول اور معمّاتی قصے
- رسالے، اخبارات، DVDs اور CDs
- بچوں کی کتابیں
- انگلش سیکھنے کیلئے کتابیں اور دوسرے ذرائع
- انٹرنیٹ کی دستیابی
- انگلش کے علاوہ دوسری زبانوں میں بڑوں اور بچوں کی کتابیں
- مطالعے کیلئے جگہیں یا نشستیں جہاں آپ بیٹھ کر پڑھ سکتے ہیں۔

تمام پبلک لائبریریاں نیو ساؤتھ ویلز کی سٹیٹ لائبریری سے 40 سے زیادہ زبانوں کی کتابیں حاصل کر کے لوگوں کو فراہم کرتی ہیں۔ اگر آپ کی لائبریری میں شیلف پر آپ کی زبان کی کتابیں موجود نہ ہوں تو لائبریرین سے کہیں کہ وہ آپ کو سٹیٹ لائبریری سے کچھ کتابیں منگوا دیں۔

یہ سہولت مفت ہے۔

آپ کو اپنی مقامی پبلک لائبریری میں:

- ایسے لوگ بھی ملیں گے جو آپ کی زبان نہ بولنے کے باوجود آپ کی مدد کرتے ہیں
- ہر عمر کے لوگوں کیلئے بہت سی مختلف خدمات اور سرگرمیاں بھی ملیں گی

لائبریریاں کھلنے کے اوقات۔ سوموار تا جمعہ، شام اور ہفتہ و اتوار کو مختلف لائبریریاں مختلف اوقات میں کھلتی ہیں۔

ممبر بننا آسان ہے۔ اپنا کوئی شناخت نامہ جس پر آپ کا نام اور موجودہ پتہ لکھا ہو، اپنے گھر یا کام کے نزدیک واقع لائبریری میں لے جائیں۔ بچوں کو ممبر بننے کیلئے عام طور پر ماں یا باپ کے دستخط کروانے کی ضرورت ہوتی ہے۔

پبلک لائبریریاں سب کیلئے ہیں: آپ، آپ کے گھر والوں اور دوستوں، سب کیلئے۔

Produced by the State Library of New South Wales
www.sl.nsw.gov.au 2009